Fairfax-Falls Church Community Services Board

حقوق انسانی کے اقرار کے اطلاع نامے کا فارم

فیئرفیکس-فالس چرچ کمیونٹی سروسز بورڈ (Fairfax-Falls Church Community Services Board) کا مقصد لوگوں کو بہترین ممکن خدمات فراہم کرنا ہے۔ ایجنسی کی خدمات سے استفادہ کرنے والے ایک شخص کی حیثیت سے آپ کو ایسے حقوق حاصل ہیں جن کا تحفظ سرکاری ضابطوں کے ذریعے ہوتا ہے۔ آپ کے حقوق میں کوئی مداخلت نہیں کر سکتا، علاوہ استثنائی حالات کے تحت۔ ان حقوق کا خلاصہ ذیل میں دیا جا رہا ہے۔ اگر انہیں سمجھنے، آپ پر ان کے اطلاق کے طریقے کو جاننے، یا حقوق انسانی کے ضابطوں (Human Rights Regulations) کی مکمل نقل حاصل کرنے کے طریقے کو جاننے میں آپ کو مدد درکار ہو تو براہ کرم عملے سے رابطہ کریں۔

آپ کو حق حاصل ہے:

- آپ کے ساتھ پر وقار اور بااحترام برتاؤ کیا جائے
- آپ کے منصوبۂخدمت کے بارے میں آپ کو اچھی طرح باخبر رکھا جائے
- آپ اپنے منصوبۂ خدمت کی تشکیل میں شرکت کریں
- آپ کی طرف سے فیصلے لینے کے لیے کوئی مجاز شدہ نمائندہ آپ کے ساتھ ہو
- خدمات کی منصوبہ بندی، جائزے اور تخمینہ کاریوں میں شرکت کرتے ہوئے کسی معتبر شخص یا اشخاص کو اپنے ساتھ لانے کا
- اپنے منصوبۂ خدمت کے بارے میں دانستہ فیصلہ کرنے کا
- پردداری، حفاظت اور راز داری کا
- بدسلوکی، بے توجہی اور استحصال سے محفوظ رکھے جانے کا
- قانونی ممانعت کے مطابق کسی تفریق کے بغیر خدمات حاصل کرنے کا
- اپنے خدمت کے ریکارڈ میں درج معلومات کو دیکھنے کا
- اپنی شکایات حل کرانے کا
- سوالات پوچھنے کا اور اپنے حقوق کے بارے میں بتائے جانے کا
- اپنے حقوق کے حصول میں مدد لینے کا

اس کے علاوہ رہائشی ماحول میں رہنے والے ایک شخص کی حیثیت سے آپ کو حق حاصل ہے:

- اپنے ذاتی سامان رکھنے اور انہیں استعمال کرنے کا جن میں کافی اور مناسب کپڑے بھی شامل ہیں
- مقوی اور اچھی طرح متوازن غذا لینے کا
- ملاقاتیوں سے ملنے یا ملنے سے انکار کرنے کا اور کسی سے بھی بذریعۂ فون بات کرنے یا اسے خط لکھنے کا تاوقتیکہ آپ کے منصوبۂ خدمت میں اس پر پابندی نہ لگائی گئی ہو
- عدالت کے مقرر کردہ کسی نمائندے یا ڈیب لوکھارٹ انسانی حقوق کے علاقائی ایڈوکیٹ سے راز داری سے باتیں کرنے کا
- اپنے مذہب پر عمل پیرا ہونے اور مذہبی خدمات میں شرکت کرنے کا اگر وہ دستیاب ہوں، بشرطیکہ اس طرح کی خدمات خود آپ اور دوسروں کے لیے خطرناک نہیں ہیں اور ان سے دوسروں کی آزادی متاثر نہیں ہوتی
- اس کام کی اجرت پانے کا جو آپ کرتے ہوں اور جو آپ کے علاج کے پروگرام یا منصوبۂ خدمت کا حصہ نہ ہو

اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں، آپ کو کوئی تشویش ہو، آپ کوئی رائے دینا چاہیں یا آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں سمجھنے کے لیے مدد درکار ہو تو براہ کرم اپنے خدمت فراہم کار یا پروگرام کے نگراں کے ساتھ مل کر مسئلے کو حل کریں۔ اگر خدمت کے عملے کے ساتھ مل کر کوئی مسئلہ حل کرنے سے آپ قاصر ہوں اور آپ سمجھتے ہوں کہ آپ کو حقوق سے محروم کیا گیا ہے یا آپ حقوق سے چھین لیے گئے ہیں تو آپ کوئی سرکاری شکایت اپنے پروگرام کے ذریعے سی ایس بی ہیومن رائٹس کے پروگرام نمائندے (CSB Human Rights Program) یا حکومت کے ہیومن رائٹس ایڈوکیٹس (Human Rights Advocates) میں سے کسی کے پاس داخل کر سکتے ہیں۔ یہ لوگ یہاں پر یہ یقینی بنانے کے لیے موجود رہتے ہیں کہ کمیونٹی پروگراموں میں افراد کے حقوق کا تحفظ کیا جائے- ان لوگوں سے کی گئی کسی شکایت پر فوراً کارروائی کی جائے گی۔

سی ایس بی(CSB) حقوق انسانی کے پروگرام نمائندے

703-383-8537 : Mark Blackwell
703-324-4426 :Lisa Blecker

ورجینیا ڈی بی ایچ ڈی ایس ہیومن رائٹس ایڈوکیٹ **(Virginia DBHDS Human Rights Advocate)**

877-600-7437

وضاحت: کوڈ آف ورجینیا (Code of Virginia) کی دفعہ 79-42.1 کے مطابق لائبریری آف ورجینیا میڈیکل ریکارڈوں کو روکے رکھنے اور ضائع کر دینے کا فیصلہ کرتی ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

- بالغ افراد – آخری عمل کے بعد 6 برس تک محفوظ رکھیں پھر کاغذی ریکارڈوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر نے، گودا بنانے یا جلا نے کے ذریعے تلف کریں۔الیکٹرانک ریکارڈ کے اوپر لکھا جانا چاہیے یا سٹوریج میڈیا طبعی طور پر تلف کیا جانا چاہئیے۔
- کمسن – پیدائش کے بعد 24 برس تک محفوظ رکھیں پھر کاغذی ریکارڈوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے، گودا بنانے یا جلانے کے ذریعے تلف کریں۔ الیکٹرانک ریکارڈز کے اوپر لکھا جانا چاہیئے یا سٹوریج میڈیا یا طبعی طور پر تلف کیا جانا چاہیئے۔

نام:____ معاملہ نمبر________________________

(براہ کرم بڑے حروف میں لکھیں)

حقوق انسانی کا اقرار: میں نے فیئرفیکس – فالس چرچ کمیونٹی سروسز بورڈ کے پروگرام میں شرکت کنندہ کی حیثیت سے اپنے حقوق کا تحریری/ زبانی خلاصہ وصول کر لیا ہے۔

متعلقہ شخص کا دستخط تاریخ

والدین/سرپرست/مجاز شدہ نمائندے کا دستخط تاریخ

Fairfax-Falls Church Community Services Board

حقوق انسانی کے اقرار کے اطلاع نامے کا فارم

ان حقوق پر نظر ثانی اور ان کی وضاحت : ____ نے

کی____

عملے کے فرد کا نام تاریخ

☐ مندرجہ بالا نام کا شخص اس سے متعلق دستخط کرنے سے قاصر ہے/کرنے پر آمادہ نہیں ہے کہ وہ حقوق کو سمجھتا ہے/سمجھتی ہے